| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'تھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالبِ علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'تھ' کی پہچان کرسکیں آواز پہچان سکیں ۔ الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے بھ اور پھ کی آوازیں اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ت' کو دو چشمی 'ھ' کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔ حرف 'تھ' کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے آواز کی درست ادائیگی کی جائے گی۔ کاغذ پر 'ت' اور 'تھ' کی آواز کی مشق کی جائے گی اور بچوں سے کروائی جائے گی۔ بچوں کو تھ کے الفاظ فلیش کارڈز/ پی پی ٹی کے ذریعے دکھائے جائیں گے (تھیلا، تھال، تھوڑا، تھک، تھوکنا، تھا، تھی، تھے) ان الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیا جائے گا۔ تختہ سفید/ سیاہ پر بڑا کر کے 'تھ' لکھا جائے گا بچوں سے ہوا میں 'تھ' بنوانے کی مشق کروائی جائے گی یہ عمل بار بار کروایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ریتلی تھالی دے کر بھ، پھ اور تھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی۔ زمین بھ، پھ اور تھ کے الفاظ لکھ کر بچوں کو صرف تھ کے الفاظ پر چھلانگ لگانے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کو گیم کھیلنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 70 کھولنے کو کہا جائے گا ت کو ھ سے اور ھ کو ت سے جوڑ کر لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ 'تھ' کے الفاظ کی بلند خوانی کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تھ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>گھر کا کام: کاپی میں بھ، پھ اور تھ کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | ریتلی تھالی<br>چاک<br>کتاب صفحہ نمبر 70<br>کاپی ورک<br>بھاری حروف بھ، پھ، تھ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'تھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'تھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'تھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ تھا، تھی، تھے اور تھیں کا جملوں میں استعمال کرسکیں۔ تھا، تھی، تھے والے سوالات کے جوابات دے سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے 'تھ' کی آواز اور اس کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'تھ' کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'تھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز بتائی جائے گی۔ تختہ سفید/سیاہ پر 'تھ' اور ا، و، ی، ے کے فلیش کارڈز چسپاں کیے جائیں گے<br>تھ (ا ، تھا) ، (و ، تھو) ، (ی ، تھی) ، (ے ، تھے)<br>بچوں کو 'تھ' کو مصوتوں کے ساتھ ملا کر پڑھایا جائے گا بچوں سے ہوا میں تھا، تھو، تھی، تھے لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ تھ کے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | 'تھ' فلیش کارڈ الفاظ کے فلیش کارڈز<br>حروف فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ بچوں کو 'تھ' اور حروف کے فلیش کارڈز دیے جائیں گے۔ معلّمہ تختہ/سیاہ پر ایک لفظ مثلاً 'تھال' لکھیں گے کوئی ایک گروپ تھال کے توڑ تختہ/سیاہ سفید پر چسپاں کرے گا۔ باری باری سب گروپ سرگرمی کریں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 73 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملے پڑھ کر خالی جگہ مکمل میں بچوں کی مدد کی جائے گی نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات بچوں سے پوچھے جائیں گے۔ جوابات تختہ/سیاہ سفید پر لکھ کر بچوں سے لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 73 | |
| | **اختتامیہ:**<br>'تھ' کے الفاظ پی پی ٹی/فلیش کارڈز کے ذریعے دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 71 کیجیے۔ | | کتاب صفحہ نمبر 71 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'ٹھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'ٹھ' کی آواز کو پہچان سکیں۔ الفاظ 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ جملوں میں 'ٹھ' کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے بھ اور پھ کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'ٹھ' کو مصوتوں سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ٹ' کو دوچشمی 'ھ' کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔ 'ٹھ' کو بڑا کر کے تختہ سفید سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے ہوا میں لکھنے کو کہیے۔ 'ٹھ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے کے ساتھ تختہ سفید سیاہ پر لکھا جائے گا۔<br>ٹھ + ا = ٹھا   ٹھ + و = ٹھو   ٹھ + ی = ٹھی   ٹھ + ے = ٹھے<br>بچوں سے ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ ان الفاظ سے پہلے 'اُ' کا اضافہ کر کے بچوں سے دوبارہ ان الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اُٹھا ، اُٹھی ، اُٹھو ، اُٹھے ، اُٹھیں بچوں کو ٹھ کے الفاظ بتایئے ٹھیلا ، ٹھنڈا ، ٹھاٹ ، ٹھیکہ ، ٹھہرو الفاظ کی بار بار پڑھائی کروایئے۔ | 10 منٹ | 'تھ' فلیش کارڈ اور الفاظ کے فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جوڑوں میں تقسیم کیجیے تختہ سیاہ/سفید پر 'ٹھ' لکھیے۔ طلبہ سے 'ٹھ' کے الفاظ سوچنے کو کہا جائے گا۔ ہر ایک جوڑا باری باری بورڈ پر آ کر ٹھ کا ایک لفظ تختہ سیاہ/سفید پر 'ٹھ' کے گرد لکھے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 75 کھولنے کو کہا جائے گا کتاب میں دیے گئے الفاظ اُٹھا، اُٹھی، اُٹھے، اُٹھو، اُٹھیں کی پڑھائی کروا کے لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اب جملوں کی پڑھائی کروا کے اوپر دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ درست کام کرنے پر بچوں کو حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 75 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے بھ، پھ، تھ اور ٹھ کی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حروف 'جھ' | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'جھ' کی آواز ، الفاظ کو پہچان سکیں۔'جھ' کوا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جھ کے الفاظ کے توڑ کر سکیں اور جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھاری حروف جھ، پھ، تھ اور ٹھ کی آوازیں اور الفاظ کی دہرائی کی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ج' کو دو چشمی 'ھ' کے ساتھ ملانا سیکھیں گے۔'جھ' کو بڑا کر کے تختہ سفید/سیاہ پر لکھا جائے گا۔اس کی آواز بتائی جائے گی بچوں سے ہوا میں میز پر 'جھ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایا جائے گا۔ جھ کوا، و، ی ، ے سے ملا کر تختہ سفید/سیاہ پر چسپاں کیا جائے گا اور پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>جھ + ا = جھا    جھ + و = جھو    جھ + ی = جھی    جھ + ے = جھے<br>بچوں سے 'جھ' کے الفاظ سوچنے کو کہا جائے گا۔'جھ' کے الفاظ فلیش کارڈز کے ذریعے دکھا کر بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>(جھنڈا، جھاڑو، جھاگ، جھیل، جھولا، جھاڑی)<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر بھاری الفاظ (بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ) لکھیے ۔('جھ' کے الفاظ زیادہ ہوں گے) باری باری بچوں کو بُلا کر 'جھ' والے الفاظ کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔ دائرہ بنانے کے بعد بچہ وہ لفظ درست ہجوں کے ساتھ پڑھ کر بتائے گا۔ بچوں کو ریتلی تھالی لے کر 'جھ' کے الفاظ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 78 پر جوڑ کے توڑ کرنے میں مدد کی جائے گی۔ تختہ سیاہ پر توڑ کا طریقہ سکھایا جائے گا۔ جھاڑو= جھ + ا + ڑ + و نیچے دیئے گئے جملے تختہ سفید/سیاہ پر لکھ کر بچوں سے پڑھوائے جائیں گے۔<br>**اختتامیہ:** جھ کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 77 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف 'جھ' کا فلیش کارڈ جھ کے الفاظ کے فلیش کارڈز<br><br>ریتلی تھالی<br>کتاب صفحہ نمبر 78<br><br>کتاب صفحہ نمبر 77 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'جھ' کی آواز الفاظ ک پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | بھاری حرف 'چھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'چھ' کی آواز ، الفاظ چھ' کی پہچان سکیں۔کوا، و،ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جملوں میں 'چھ' کے الفاظ استعمال کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھاری حروف بھ، پھ، تھ،ٹھ، چھ کی آوازوں اور الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>چھتری کی تصویر دکھائیں اور آواز 'چھ' کا تعارف کروائیں۔ چھا، چھو، چھی، چھے کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازوں کی مشق کروائی جائے گی بچوں کو چھا، چھو، چھی اور چھے کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ (چھُری، چھکڑا، چھلکا، چھوہارا، چھتری، چھینک، چھپکلی، چھوٹا) طلبہ سے چھا، چھو، چھی، چھ ہوا میں لکھوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو چھ کے الفاظ کی نظم سنایئے۔<br>چھم چھم آئی بارش   برسی چھن چھن   آئے چاچا چھکن   لائے چھپر سے چھتری<br>اچھے بچے کھیلے   کھیل چھپن چھپائی   بولے چاچا چھکن   چھومنتر چھومنتر<br>چھینکے چاچا چھکن   سارے بچے چھینکیں   اَچھو اَچھو اَچھو اَچھو<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>طلبہ کو جوڑوں میں تقسیم کیجیے تختہ سفید/سیاہ چھ کے الفاظ لکھیے (چھینک، چھان، چھ، چھت، چھتری، چھوڑا، چھوڑو، چھوڑی) ہر لفظ لکھنے کے بعد بچوں کو وقت دیا جائے گا کہ وہ حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں جو جوڑا سب سے پہلے حروف جوڑے گا اس کے فلیش کارڈ تختہ سیاہ /سفید پر لفظ کے ساتھ چسپاں کئے جائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 79 پر چھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ کتاب صفحہ نمبر 81 پر لفظ چھوڑ کرا، و،ی، ے سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے فلیش کارڈز کے ذریعے چھا، چھو، چھی، چھے کی آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 80 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | چھ کا فلیش کارڈ چھ کی تصاویر اور الفاظ کے فلیش کارڈز<br><br>حروف فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 81,79<br><br>کتاب صفحہ نمبر 80 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'چھ' کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |